© rasailojaraid.com



ترحیم — ادارہ

# مسافرینِ آخرت

**محترم پروفیسر محمد عباس نجمی اور بھائی رشید احمد کو صدمہ:**

تحریکِ طلباء اسلام پاکستان کے سابق مرکزی صدر اور گورنمنٹ کالج لاہور میں شعبہ پنجابی کے استاد پروفیسر محمد عباس نجمی اور چیچہ وطنی سے ہمارے رفیقِ فکر محترم بھائی رشید احمد صاحب کے سسر جناب چودھری غلام حسین چیمہ گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔

**محترم خورشید عباس گردیزی کو صدمہ:**

جمیعتہ علماء اسلام کے رہنما محترم سید خورشید عباس گردیزی کی خوشدامن صاحبہ گزشتہ دنوں ملتان میں انتقال کر گئیں۔

**سید نواب علی شاہ صاحب مرحوم:**

مجلس احرارِ اسلام ملتان کے قدیم کارکن اور محترم سید اختر علی شاہ صاحب کے برادر اصغر جناب سید نواب علی شاہ صاحب ۷ مارچ کو ملتان میں ٹریفک کے ایک حادثہ میں جاں بحق ہوگئے۔ مرحوم ایک مخلص دینی کارکن تھے۔ حضرت ابوذر بخاری رحمہ اللہ سے جنون کی حد تک لگاؤ تھا اور انھی کے مواعظ و خطبات سن کر ان میں اعتقادی و فکری پختگی آئی تھی۔

**ماسٹر ملک جمعہ خان مرحوم:**

مجلس احرار اسلام ڈیرہ اسمٰعیل خان کے انتہائی مخلص کارکن محترم ماسٹر ملک جمعہ خان ابن غلام اکمل قوم ارائیں (ساکن چاہ چناوڑ والا) ۶ ذوالقعدہ ۱۴۱۶ھ ۲۶ مارچ ۱۹۹۶ء انتقال کر گئے۔ مرحوم جانشینِ امیر شریعت رحمہ اللہ کے حلقہ خاص میں سے تھے۔

**محترم محمد مشتاق صاحب کو صدمہ:**

مجلس احرار اسلام ڈیرہ اسمٰعیل خان کے معاون محترم محمد مشتاق صاحب (صدیقی کیمیکل) کی ہمشیرہ ۷ ذوالقعدہ کو رحلت کر گئیں۔

**شہید عابد الرحمن مرحوم:**

سکھر سے ہمارے بہت ہی کرم فرما محترم مولانا عبدالرحمن نادم کے جواں سال فرزند عزیز عابد الرحمن گزشتہ دنوں مقبوضہ کشمیر کے جہاد میں دادِ شجاعت دیتے ہوئے شہید ہوگئے۔ مولانا عبدالرحمن کے لئے بیٹے کی جدائی صدمہ بھی ہے اور خوشخبری بھی کہ وہ اللہ کی راہ میں کام آگئے اور آخرت میں بلند درجہ پر فائز ہوگئے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اللہ تعالیٰ انہیں صبر عطاء فرمائے اور یہ صبر توشۂ آخرت بنائے (آمین)

**مولانا قاری عبدالحی عابد کو صدمہ:**

محترم مولانا قاری عبدالحی عابد اور مولانا محمد ضیاء القاسمی کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں رحلت فرما گئیں۔

**والدہ صاحبہ طارق حفیظ:**

ممتاز نعت خواں صوفی حفیظ جالندھری مرحوم کی بیوہ اور عزیزم طارق حفیظ (ساہیوال) کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

**عبدالواحد ڈوگر مرحوم:**

چیچا وطنی میں ہمارے مہربان بھائی محترم عبدالرزاق ڈوگر کے جواں سال فرزند اور عزیزی محمد عابد مسعود کے برادرِ اصغر، عبدالواحد ڈوگر ۱۸ مارچ کو ٹریفک کے حادثہ میں رحلت کر گئے۔

**حاجی غلام محمد مرحوم:**

حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ کے فدا کار اور مخلص کارکن محترم حاجی غلام محمد صاحب ولد حاجی شیر محمد مرحوم وارن، بستی نندے لال، موضع حیدر پور، تحصیل احمد پور شرقیہ، یکم رمضان المبارک ۱۴۱۶ھ کو رحلت فرما گئے۔ وہ ایک مخلص، ایثار پیشہ اور بے لوث کارکن تھے۔ دوسرے لفظوں میں مجلس احرارِ اسلام کی متاعِ عزیز تھے۔

**والدہ ماجدہ نذیر احمد خان:**

منشی عبدالرحمن خان مرحوم کی بیوہ اور ادارہ اشاعتِ علومِ اسلامیہ ملتان کے مدیر جناب نذیر احمد خان کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں ملتان میں رحلت فرما گئیں۔

اراکین ادارہ تمام مرحومین کے لواحقین و پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر عطاء فرمائے (آمین)

قارئین سے درخواست ہے کہ سب مرحومین کی مغفرت کے لئے دعا کریں اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں

(ادارہ)

........................................

☆☆

© rasailojaraid.com